دار العلوم کی خدمت کر سکتا۔ ان شاء اللہ آپکی یہی باقیات صالحات رفع درجات کا موجب ہونگی۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں جگہ دے اور پسماندگان مولانا غلام رسول حقانی' قاری ولی اللہ' مولانا حافظ عبدالمنعم و دیگر اہل خانہ کو صبر جمیل سے نوازے۔ .... آمین

مولانا عبید اللہ چترالیؒ کی شہادت

دار العلوم حقانیہ کے جلیل القدر فاضل جمعیت علماء اسلام کے نڈر اور بے باک رہنما مولانا عبید اللہ چترالی گزشتہ دنوں اپنے آبائی گاؤں چترال میں شہید کر دیئے گئے اس خبر وحشت اثر سے تمام ملک میں بالعموم اور صوبہ سرحد' شمالی علاقہ جات میں بالخصوص غم واندوہ کی لہر اٹھی۔ مولانا نہ صرف ایک نڈر اور بہادر سپاہی تھے بلکہ آپ ایک جید عالم دین' شعلہ بیان مقرر' آتش نوا خطیب اور کامیاب مصنف بھی تھے۔ دوران تعلیم آپ نے شمالی علاقہ جات میں آغا خانی سرگرمیوں کا نوٹس لیا تھا اور انکی ملک دشمن اور اسلام دشمن ریشہ دوانیوں کے خلاف علم جہاد بلند کیا تھا اسی حریت فکر اور حرارت ایمانی کی پاداش میں ضلع بدر اور علاقہ بدر کر دیئے گئے اور کئی بار پابند سلاسل بھی ہوئے لیکن آپکے پائے استقلال میں لغزش نہیں آئی۔ آغا خانی فرقہ کی حقیقت خاصیت آپ نے قلم کے ذریعہ بھی واضح کی تھی یہی وجہ ہے کہ آغا خانی آپکی جان لینے پر تلے ہوتے تھے لیکن انکو موقع نہیں مل رہا تھا بالآخر گھریلو زمینی تنازع کو آڑ بنا کر آپ شہید کر دیئے گئے مگر معاملہ اتنا آسان نہیں کہ دبایا جاسکے۔ بلکہ آپ کی شہادت آغا خانی اور صیہونی سازش کا ایک تسلسل ہے ہم حکومتِ وقت پر واضح کرتے ہیں کہ اس قتل کے پسِ پردہ محرکات واشگاف کئے جائیں اور اصل قاتلوں کو گرفتار کیا جائے ورنہ بصورت دیگر انتقامی کاروائی میں چترال کے غیور عوام اور ہزاروں علماء حق بجانب ہونگے۔

شیخ الحدیث مولانا عبدالرشید نعمانیؒ کی رحلت

گزشتہ ماہ برصغیر کے مشہور محقق علم اسماء الرجال میں اتھارٹی کی حیثیت رکھنے والی شخصیت شیخ الحدیث حضرت مولانا عبدالرشید نعمانیؒ بھی ہم سے جدا ہوگئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

حضرت نعمانی صاحبؒ علم و فضل کے ایک روشن مینار تھے جس کی ضوافشانی سے برسوں علماء اور فضلاء استفادہ کرتے رہے ہیں۔ آپ زندگی بھر مسند تدریس اور میدان تحقیق و جستجو سے